خیبرپختونخواسیکنڈ الیون ٹیم کے کپتان مہران ابراہیم کو تنبیہ جاری

لاہور،29 نومبر 2019ء :

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے فائنل میں خیبرپختونخوا کے کپتان مہران ابراہیم کو تنبیہ جاری کردی گئی ہے۔

مہران ابراہیم کو میچ میں گیند کی حالت بدلنے سے متعلق پی سی بی کے ضابطہ اخلاق کے لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا۔ گیند کی حالت تبدیل کرنے والے کھلاڑی کی شناخت نہ ہوپانے کے باعث مہران ابراہیم کو نان آئیڈینٹٹی فکیشن کی بناء پر بطور کپتان چارج کیا گیا۔

اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے فائنل کے دوران سدرن پنجاب کی پہلی اننگز کے 61ویں اوورمیں آن فیلڈ امپائرز نے گیند کا معائنہ کیا تو اس میں تبدیلی دیکھی گئی۔ اس بناء پر آن فیلڈ امپائرز شوزب رضا اور راشد ریاض نےمہران ابراہیم کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.14 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

میچ ریفری محمد جاوید نے ابتدائی سماعت کے بعد کھلاڑی کی شناخت نہ ہوپانے کے باعث خیبرپختونخوا سیکنڈ الیون ٹیم کے کپتان مہران ابراہیم کو تنبیہ جاری کرتے ہوئے انہیں نوٹس آف چارج تھما دیا ۔

مہران ابراہیم نے نان آئیڈینٹٹی فکیشن قانون کی بناء پر بطور کپتان جرم کا اعتراف کرلیا۔ جس کے باعث معاملے پر مزید سماعت نہیں کی گئی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk